28/01/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

مثالی ضابطہ اخلاق کی تکمیل میں عوامی اور نجی مقامات سے اب تک کل 6599088 تشہیری مواد ہٹائی گئی

لکھنؤ: ۲۸/ جنوری ۲۰۲۲ء-

اترپردیش کے چیف الیکشن افسر جناب اجئے کمار شکلا نے بتایا کہ ودھان سبھا عام انتخابات-2022 کے ضمن میں پوری ریاست میں نافذ مثالی ضابطہ اخلاق کو یقینی بناتے ہوئے عوامی اور نجی مقامات سے اب تک کل 6599088 تشہیری مواد ہٹایا گیا، جس میں عوامی مقامات سے 4947613 تشہیری مواد ہٹایا گیا۔اسی طرح نجی مقامات سے 1651475 تشہیری مواد ہٹایا گیا۔انہوں نے بتایا کہ اب تک عوامی مقامات سے وال رائیٹنگ کے 354357، پوسٹر کے 2211873، بینر کے 1583289 اور دیگر 798094 معاملوں میں کارروائی کی گئی ہے۔ اسی طرح نجی مقامات سے وال رائیٹنگ کے 158581، پوسٹر کے 736097، بینر کے 467339 اور دیگر 289458 معاملات میں کارروائی کی گئی۔

چیف الیکشن افسر نے بتایا کہ امن وامان کے ماحول میں ووٹنگ کیلئے ریاست میں نظم ونسق کو موثر طریقہ سے نافذ کیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ پولیس، انکم ٹیکس، آبکاری اور نارکوٹس محکمہ کے ذریعہ کارروائی کی جارہی ہے، جس میں پولیس محکمہ کے ذریعہ اب تک 778213 لائیسنسی اسلحہ جمع کرائے گئے ہیں۔اب تک 472 لائیسنس ضبط کیے گئے اور 1145 لائیسنسوں کو منسوخ کیا گیا ہے۔اسی طرح سی آر پی سی کے تحت انسدادی کارروائی کرتے ہوئے 2771933 لوگوں کو پابند کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ مثالی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے الزام میں اب تک مختلف دفعات میں 49 میں ایف آئی آر درج کرائی گئی ہیں۔اس کے علاوہ پولیس محکمہ کے ذریعہ 6424 اسلحہ، 6689 کارتوس، 214 دھماکہ خیز مواد اور 180 بم برآمد کیے گئے۔محکمۂ پولیس کے ذریعہ ریڈ ڈال کر غیر قانونی اسلحہ بنانے والی 108 فیکٹریوں کو سیز کیا گیا۔

چیف الیکشن افسر نے بتایا کہ آبکاری اور پولیس محکمہ کے ذریعہ اب تک 16 کروڑ روپے کی قیمت کی 704202 لیٹر شراب ضبط کی گئی ہے۔اس کے علاوہ محکمۂ پولیس کی کارروائی سے اب تک 18.85 کروڑ روپے سے زائد نقدی بھی برآمد کی گئی ہے، جس میں سے تقریباً 65.38 لاکھ روپے کی نقدی آج برآمد کی گئی ہے۔اسی طرح نارکوٹس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعہ اور محکمہ پولیس کے ذریعہ اب تک تقریباً 25.53 کروڑ روپے سے زائد قیمت کا 6991 کلوگرام ڈرگس ضبط کیا گیا ہے، جس میں سے 48.41 لاکھ روپے سے زائد قیمت کا 143.48 کلوگرام ڈرگس آج ضبط کیا گیا۔ساتھ ہی محکمۂ پولیس کے ذریعہ اب تک 95.96 لاکھ روپے کی 86.76 کلوگرام کی بیش قیمتی فلزیات/میٹل بھی برآمد کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆